# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری '' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ**

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر 1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر 2 | 08-01-2027 | مشق نمبر 1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر 3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر 4 | 20-02-2027 | مشق نمبر 2 | 20-02-2027 |

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے

کورس: اردو لازمی (بک ٹو) 364 سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: انٹرمیڈیٹ

### برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

### (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 40

# امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1۔ ڈاکٹر وزیر آغا کے مضمون "ہنسی، مزاح اور انسانی زندگی" کی روشنی میں انسانی رویوں میں مزاح کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ خواجہ حسن نظامی کے مضمون "مچھر" میں ایک معمولی مخلوق کے ذریعے انسانی غرور کی شکست کا جو پہلو اجاگر کیا گیا ہے، اس پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ الطاف فاطمہ کے افسانے ''کنڈیکٹر'' میں کرداروں کے ذریعے معاشرتی طبقات کی جو تصویر کشی کی گئی ہے، اس کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ چراغ حسن حسرت کے مضمون ''علامہ اقبال'' کا خلاصہ بیان کریں نیز اس مضمون کی روشنی میں فنِ شخصیت نگاری کے نمایاں اوصاف بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ پطرس بخاری یا مشتاق احمد یوسفی کے اسلوبِ مزاح میں 'صورتِ واقعہ' اور 'لفظی بر جستگی' کا کیا کردار ہے؟ تفصیلی جواب لکھیں اور مثالیں دیں۔ (20)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 40

# امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر 1۔ احمد ندیم قاسمی کی غزل میں 'عشقِ حقیقی' اور 'جذبہِ حریت' کا امتزاج کس طرح نظر آتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2۔ جوش ملیح آبادی کے ہاں فطرت نگاری اور انقلابی آہنگ کے امتزاج کو نظم کے متن سے ثابت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ علامہ اقبال کی نظم "مردِ مسلماں'' میں ملتِ اسلامیہ کے لیے کیا پیغام ہے؟ تفصیلی جواب لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مضمون نویسی کے لوازمات کیا ہیں؟ نیز ''پاکستان کا مستقبل'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔ مضمون کی زبان ادبی اور علمی ہونی چاہئے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ آپ بیتی کا فن کیا ہے؟ ایک اچھی آپ بیتی کیسے لکھی جاتی ہے؟ فنی اجزا کی تفصیل بتائیں، نیز کسی سڑک کی آپ بیتی لکھیں۔ (20)